© rasailojaraid.com

"ہندوستانی مسلمانوں کو اس میں تمدنی خود اختیاری حاصل ہو جس کے تحت مسلمان اپنے محاکم شرعیہ قائم کرنے کے مجاز ہوں"۔ (حقوق الزوجین صفحہ ۲۳)

یہ مطلوبہ طاغوتی نظام ہی کی نوازش سے حاصل ہوگا نا؟ اور یہ محاکم اپنے احکام کے اجرا کے لیے طاقت بھی تو طاغوت ہی سے لیں گے۔ پھر کیا اس پر اسلام مطمئن ہو سکتا ہے؟

اس کے بعد یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ:۔

"اگر یہ چیز بھی حاصل نہ ہو تو "برسبیل تنزل" اتنا ہی سہی، اور یہ بھی انتہائی مجبوری کی حالت میں آخری صورت ہے کہ مذہب مالکی کے مطابق ہر ضلع میں تین مسلمانوں کی ایک پنچایت مقرر کی جائے"۔ (ایضاً صفحہ ۲۳ و صفحہ ۲۴)

یہ پنچایت کمیٹی جو نظام باطل کے اذن و اجازت سے اور باطل کے زیر سایہ قائم ہوگی، کیا حق تعالیٰ کو بھی منظور ہوگی؟

دراصل یہ لفظ "تنزل" اپنے مفہوم سمیت ایک جاہلی اصطلاح ہے۔ تنزل ہی کرتے کرتے مسلمان کفر کی سرحد میں داخل ہو کر بھی کرتے مسلمان بنے ہوئے ہیں۔ پھر آگے یہ الفاظ نظر آتے ہیں:۔

"حکومت متسلطہ پر دباؤ ڈال کر اس سے پنچایتی نظام کو تسلیم کرا لیا جائے"۔ (ایضاً صفحہ ۲۴)

اللہ اکبر! سارے عالم سے طاغوت کو بے دخل کرنے والا "مسلم" نظام پنچایتی پر قانع ہو جائے اور لطف بر جراحت یہ کہ اس نظام کا قیام بھی طاغوت کی منظوری کا محتاج ہو! "حکومت متسلطہ پر دباؤ" بھی کیا وہ مسلمان ڈالیں گے جو اس طاغوتی نظام پر بالکل راضی ہیں اور اسلام کا جوا اتارنے کی فکر میں ہیں۔ پھر دباؤ ڈالنے کا ہی عزم ہے تو آدھے پونے اسلام کی منظوری تک کیوں محدود ہے؟ کیوں نہیں کامل اسلام کے کامل غلبہ کی کوشش کا مشورہ دیا گیا؟

ایسے ہی اور بہت سے مقامات نظر سے گزرے ہیں جو اہم استفتا کے مباحث کی ضد ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب:۔ آپ نے جن جذبات دینی کے ماتحت گرامی نامہ تحریر فرمایا ہے اور نظام باطل سے ہر قسم کے تعلق سے جس طرح براءت کا اظہار کیا ہے اس سے دلی مسرت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کے دل میں یہی جذبات پیدا کرے۔ حقوق الزوجین میں اس قسم کی تجویزیں جو برسبیل تنزل لکھی گئی ہیں جماعت اسلامی کے مسلک کی حیثیت نہیں رکھتیں، بلکہ ان جماعتوں کی رہنمائی کے لیے لکھی گئی ہیں جو موجودہ نظام کے تحت اپنی مذہبی مشکلات کے حل کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہی ہیں۔ اس بات کی تصریح بھی نہایت واضح الفاظ میں کر دی گئی ہے۔ تعجب ہے کہ اس کے باوجود آپ کو یہ شبہات کیوں لاحق ہوئے۔ بعد میں ایک رفیق کے سوال کے جواب میں ترجمان القرآن کے صفحات میں بھی اس بات کی وضاحت ہو چکی ہے۔ بہرحال جماعت اسلامی کا طرز عمل بالکل غیر مشتبہ ہے اور اس طرح کے شکوک کے پیدا ہونے کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی۔

فقہا و ائمہ سے انتساب مسلک

سوال:۔ "ان الدین عند اللہ الاسلام" کی آپ نے جو تشریح فرمائی ہے اس کو ذہن میں رکھتے ہوئے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ اگر کوئی شخص کسی فقیہ یا مجتہد سے اخذ کردہ مسائل اسلام پر اس فہم کے ساتھ عمل کر رہا ہو کہ وہ مسائل اس فقیہ کی رائے

© rasailojaraid.com